

NYC Human Resources Administration Department of Social Services

CHILD SUPPORT SERVICES

# نقد اعانت اور امداد اطفال | آپ کے جاننے لائق باتیں

## نقد اعانت اور امداد اطفال کس طرح اوورلیپ کرتے ہیں

نقد اعانت کے درخواست دہندگان اور وصول کنندگان کو جن کے نقد اعانت کے بجٹ پر نابالغ بچہ ہو (اور دوسرے والدین کسی مختلف گھرانے میں رہ رہے ہوں)، NYC کے دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services, OCSS) کے ساتھ ایک انٹرویو میں شرکت کرنا لازم ہے۔ آپ سے ہمیں دوسرے والدین کے بارے میں معلومات دینے کو کہا جائے گا، جو "غیر تولیتی والدین" کے حوالے سے ذکر کیا گیا ہے۔ اس سے OCSS کو یہ کیس فیملی کورٹ میں لا کر ولدیت اور امداد اطفال کا آرڈر متعین کرنے میں مدد ملے گی اگر پہلے سے کوئی موجود نہ ہو۔

آپ کو اپنی مراعات کی رقم سے اوپر $200 تک ماہانہ موصول ہو سکتا ہے اگر دوسرے والدین کم از کم $200 (اگر آپ کا صرف ایک بچہ ہے تو $100) کی ادائیگی کرتے ہیں۔ آپ کے کیس کی تفصیلات کی بنیاد پر، ادائیگیاں شروع ہونے میں اوسطاً 8 ماہ تک لگ سکتے ہیں۔ امداد اطفال کے کیس پر موجود دوسرے والدین سے اکٹھا کردہ اضافی رقم کو نقد اعانت کی ان مراعات کی واپسی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا جو آپ کو اور آپ کی فیملی کو موصول ہوئی۔

⚠ قبل اس سے کہ آپ اپنی اپائنٹمنٹ میں جائیں، **"LDSS-4279 امداد کے لیے ذمہ داریوں اور حقوق کا نوٹس"** اور **"W-280a امداد اطفال بحفاظت حاصل کرنے کے بارے میں امداد اطفال کے امکانی درخواست دہندگان کے لیے معلومات دونوں کو پڑھ لیں"**۔ اگر ان دستاویزات کو پڑھنے کے بعد آپ کی حفاظتی تشویشات ہوں تو، براہ کرم FIA کے اپنے کارکن سے رجوع کریں، جو آپ کو HRA کے کسی ڈومیسٹک وائلنس لائزن (Domestic Violence Liaison) کے پاس بھیجے گا۔ ساتھ مل کر آپ یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا امداد اطفال آپ اور آپ کی فیملی کے لیے محفوظ ہے۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔

## عدم تعمیل کے عواقب

اگر آپ امداد اطفال پروگرام کے ساتھ تعاون نہیں کرتے ہیں تو، آپ کی مراعات کم ہو سکتی ہیں۔

- آپ کی نقد اعانت کی مراعات میں 25% تک کی کمی ہو سکتی ہے؛
- آپ بچے (بچوں) کے لیے نہیں، ممکن ہے آپ اپنے لئے Medicaid سے محروم ہو گئے ہوں؛
- ہو سکتا ہے آپ کرایہ میں اعانت کے کچھ پروگراموں کے لئے نااہل ہوجائیں یا کرایہ میں آپ کا تکملہ کم ہو جائے؛
- کیس بند ہو جانے پر آپ کو نقد اعانت کی اپنی مراعات کے علاوہ امداد اطفال کی ادائیگیوں میں $200 تک فی ماہ – اور مزید موصول نہیں ہوگا۔

اپنی پوری مراعات بحال کروانے کے لیے، والدین کسی بھی مرحلے پر، کاروباری اوقات کے دوران امداد اطفال کے ساتھ تعاون کر سکتے ہیں۔ اپنی پوری مراعات واپس پانے کا طریقہ معلوم کرنے کے لیے OCSS کے کسی بورو آفس سے رابطہ کریں۔ آفس کے مقامات کے لیے https://on.nyc.gov/contactocss دیکھیں۔

## امداد اطفال کا عمل

امداد اطفال کا عمل OCSS کے ساتھ شروعاتی لازمی انٹرویو کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔

1. بورو آفس میں شروعاتی انٹرویو
2. تولیتی والدین کی طرف سے کافی معلومات فراہم کی جاتی ہیں
3. دوسرے والدین کی نشاندہی کی جاتی ہے
4. دوسرے والدین کو ایک پروانہ طلبی پیش کیا جاتا ہے
5. والدین / سرپرست فیملی کورٹ میں جاتے ہیں۔
6. امداد اطفال کا آرڈر متعین ہوتا ہے اور ادائیگی وصول کی جاتی ہے
7. امداد اطفال کا آرڈر OCSS کی طرف سے (حسب ضرورت) نافذ کیا جاتا ہے

**معاہدے**

فیملی کورٹ میں اپنا وقت کم کرنا اور عدالت کی اپنی تاریخ سے قبل امداد اطفال کے آرڈر کی تفصیلات جاننا چاہتے ہیں؟ معاہدوں کے بارے میں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر پڑھیں۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔

## امداد اطفال کی کیلکولیشن

فیملی کورٹ فیصلہ کرتا ہے کہ دوسرے والدین پر ان کی آمدنی کی بنیاد پر کتنی رقم ادا کرنا ضروری ہے اور آپ کے کل ملا کر کتنے بچے ہیں۔ یہ رقم نیو یارک اسٹیٹ کی طرف سے متعین کردہ رہنما خطوط پر مبنی ہوتی ہے اور امداد اطفال کا عدالتی آرڈر نامی ایک دستاویز میں تحریر ہوتی ہے۔ عدالتی آرڈر دوسرے والدین سے پیسے ایک مقررہ رقم طے شدہ تاریخ کو ادا کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ امداد اطفال کی رقم کا فیصلہ OCSS نہیں کرتا ہے۔ سماعت کے دوران، ادائیگی/ولدیت کا ایک آرڈر بھی متعین کیا جاتا ہے، جس میں دوسرے والدین کا نام بچے کے قانونی طور پر ذمہ دار والدین کے بطور درج ہوتا ہے۔

## پاس تھرو ادائیگیوں کی وضاحت کی جاتی ہے

اگر یہ آپ کے بچے کو نقد اعانت موصول ہونے کے دوران امداد اطفال کا عدالتی آرڈر ہے تو، امداد اطفال کی ادائیگیاں آپ کی فیملی کو موصولہ نقد اعانت کی مراعات واپس ادا کرنے کے لیے محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) کو واجب ہوتی ہیں۔ تاہم، اگر امداد اطفال اکٹھا کی جاتی ہے تو، آپ کو اپنی نقد اعانت کی ادائیگی کے علاوہ بونس یا "پاس تھرو" موصول ہوگا، جو آپ کے EBT کارڈ میں شامل کر دیا جائے گا۔ پاس تھرو ادائیگیاں کیس کے SNAP کے برخلاف آمدنی کے بطور شمار نہیں ہوتی ہیں۔

- ایک بچہ: آپ کو ہر ماہ اکٹھا شدہ امداد اطفال کی ادائیگیوں کا $100 دیا جائے گا۔
- دو یا زائد بچے: آپ کو ہر ماہ اکٹھا شدہ امداد اطفال کی ادائیگیوں کا پہلا $200 دیا جائے گا۔

⚠ اگر دوسرے والدین آپ کو پیسے دیتے ہیں جس دوران آپ کو نقد اعانت موصول ہو رہی ہو تو، آپ پر یہ HRA کو دینا لازم ہے۔ امداد اطفال کی ان ادائیگیوں کو روک لینے کو بہبود کا فراڈ خیال کیا جاتا ہے۔

## نقد اعانت کا آپ کا کیس بند ہو جانے کے بعد

جب آپ کو نقد اعانت موصول ہونا رک جائے گی تو امداد اطفال کی تمام موجودہ ادائیگیاں آپ کو بھیجی جائیں گی۔ آپ کو امداد اطفال کے نفاذ کی خدمت آپ پر لاگت کے بغیر موصول ہوتی رہیں گی۔

اس کی اور تمام محولہ دستاویزات کی نقول اور کاپیاں **https://on.nyc.gov/custodialparent** پر دستیاب ہیں یا ذیل کا QR کوڈ اسکین کریں۔